سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ ۲۱ مَكِّيَّةٌ ۷۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱۲ رُكُوْعَاتُهَا ۷

سورۂ انبیاء مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا۔ آیات ۱۱۲ رکوع ۷

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۚ﴿۱﴾

نزدیک آ گیا لوگوں کیلئے ان کا حساب، اور وہ ہیں کہ غفلت میں منہ پھیرے ہیں●

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ

نہ آیا ان کے پاس کوئی نیا پیغام ان کے رب کا، مگر یہ کہ اسے سنا

يَلْعَبُوْنَ ۙ﴿۲﴾ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۫

کھیلتے ہوئے● ان کے دل کھلنڈرے۔ اور خفیہ مشورہ کیا اندھیر والوں نے۔

هَلْ هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۳﴾

کہ یہ نہیں ہیں مگر تمہاری طرح بشر، تو کیا جادو کے پاس آتے جاتے ہو دیکھتے بھالتے●

قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۫ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۴﴾

نبی نے کہا کہ میرا رب جانتا ہے ہر بات کو آسمان و زمین کی۔ اور وہ سننے والا جاننے والا ہے●

بَلْ قَالُوْۤا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ فَلْيَاْتِنَا

بلکہ وہ بک دیئے کہ خواب پریشاں ہیں بلکہ من گڑھت ہے، بلکہ وہ شاعر ہیں۔ لہٰذا ہمارے پاس

بِاٰيَةٍ كَمَاۤ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۵﴾ مَاۤ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ

کوئی نشانی لائے، جس طرح اگلے بھیجے گئے تھے● نہ مانا ان سے پہلے کسی آبادی نے

اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا

جن کو ہم نے تباہ کر دیا، تو بھلا کیا یہ مانیں گے● اور نہیں رسول کیا ہم نے تم سے پہلے مگر مرد میدان، جنکے پاس

نُّوْحِيْۤ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْۤا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷﴾ وَمَا

ہم وحی فرماتے۔ تو دریافت کرو جاننے والوں سے، اگر تم خود نہیں جانتے● اور نہیں

جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ﴿۸﴾ ثُمَّ

بنایا تھا ہم نے انھیں بے جان دھڑ، کہ نہ کھائیں کھانا، اور نہ وہ ہمیشہ یہاں رہنے والے● پھر

صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۹﴾

ہم نے سچ کر دکھایا انھیں اپنے وعدہ کو، چنانچہ بچا لیا ہم نے انھیں اور جسے چاہا، اور برباد کر دیا زیادتی کرنیوالوں کو●

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَكَمْ ع ۱۰

بیشک اتارا ہم نے تمہاری طرف کتاب، جس میں تمہارے لئے بڑی بات ہے، تو کیا عقل سے کام نہیں لیتے؟● اور

قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا

کتنی برباد کر دیں ہم نے بستی جو اندھیر نگری تھیں، اور پیدا کر دیں ان کے بعد دوسری

اٰخَرِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَا

قومیں ● پھر جب انھوں نے دیکھا ہمارا عذاب، اسی وقت وہاں سے بھاگنے لگے● بھاگو

تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ

مت، اور لوٹ چلو جس آرام میں تھے، اور اپنے گھروں کو، کہ تم

تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ

سے پوچھا جائے● بولے ہائے افسوس! ہمیں اندھیر والے تھے● پھر یہی رہ

دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَمَا خَلَقْنَا

گئی تھی ان کی پکار یہاں تک کہ کر دیا ہم نے انھیں کٹا کھیت، بجھی آگ● نہیں پیدا فرمایا ہم نے

السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ

آسمان و زمین کو، اور جو کچھ انکے درمیان ہے، بیکار● اگر تحت قدرت و مشیت ہوتا، کہ ہم

لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ بَلْ نَقْذِفُ

اختیار کریں کھلونا، تو اختیار کر لیتے اپنی طرف سے۔ اگر ہمیں کرنا ہوتا● بلکہ ہم پھینک مارتے ہیں

بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَلَكُمُ الْوَيْلُ

حق کو باطل پر۔ تو وہ بھیجا نکال دیتا ہے باطل کا، جبھی وہ مٹا مٹایا ہے۔ اور تمہارے لئے خرابی

مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ

ہے جو باتیں بناتے ہو● اور اسی کا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے۔ اور جو اسکے

عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ ۚ

نزدیکی ہیں، نہ بڑے بنیں اس کی عبادت سے، اور نہ تھکیں●

يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ

پاکی بولیں رات اور دن بے سلسلہ توڑے● کیا کافروں نے بنا لئے بہت سے معبود

الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ

زمین سے، جو کچھ پیدا کرلیں● اگر ہوتے زمین وآسمان میں بہت سے معبود اللہ کے سوا،

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا

توضرور برباد ہوجاتے، پس پاکی ہے اللہ کی، پروردگار عرش کا، انکی من گڑھت باتوں سے● وہ نہ پوچھا جائیگا جو بھی

يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ قُلْ

کرے، اور سب پوچھے جائینگے● یا بنالیا سب نے اللہ کے مقابلہ پر کئی معبود۔ مطالبہ کرو

هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ۭ بَلْ

کہ لاؤ اپنی دلیل۔ یہ قرآن ہے تذکرہ میرے ساتھ والوں کا اور مجھ سے پہلوں کا۔ بلکہ

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

ان کے بہتیرے نہیں جانتے، حق کو، تو وہ بے رخی کرتے ہیں● اور نہیں بھیجا ہم نے

مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا

تم سے پہلے کوئی رسول مگر وحی بھیجا کئے اس کی طرف، کہ نہیں ہے کوئی پوجنے کے قابل

فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ

میرے سوا، تو مجھی کو پوجو● اور کافر بولے کہ بنالیا خدائے مہربان نے اولاد، پاکی ہے اس کی۔ بلکہ وہ

عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

معزز بندے ہیں● جو نہ سبقت کریں اس سے بات میں، اور اسکے حکم کی تعمیل کرتے ہیں●

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ

وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے، اور نہ شفاعت کریں بجز ان کی، جنھیں

ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ

اللہ نے پسند فرمایا، اور وہ سب خوفِ خدا سے تھراتے آتے ہیں● اور جو کہدے ان میں سے

اِنِّىْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي

کہ میں معبود ہوں اللہ کے مقابل، تو ایسے کو سزا دیں ہم جہنم کی۔ اسی طرح ہم سزا دیتے ہیں اندھیر

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ع ۲ ۱۹ ۲

مچانے والوں کو● کیا نہیں سوچا جنھوں نے کفر کیا، کہ بلاشبہ سارے آسمان اور زمین

كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا

بند تھے، پھر ہم نے انھیں کھولا۔ اور بنایا ہم نے پانی سے ہر چیز زندہ۔ تو کیا

یُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَجَعَلْنَا فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِهِمْ ۪ وَ

نہیں مانتے● اور گاڑ دیئے ہم نے زمین میں پہاڑ، کہ کہیں ہل جائے انکو لئے۔ اور

جَعَلْنَا فِیْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ

بنایا ہم نے اس میں کھلے کھلے راستے، کہ لوگ راہ چلتے پھرتے رہیں● اور کر دیا ہم نے آسمان کو

سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚۖ وَّ هُمْ عَنْ اٰیٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَهُوَ الَّذِیْ

محفوظ چھت۔ اور کفار اس کی نشانیوں سے منہ پھیرے ہیں● اور وہی ہے جس نے پیدا

خَلَقَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ

فرمایا رات اور دن کو، اور سورج اور چاند کو۔ سب ایک دائرہ میں

یَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَاْىِٕنْ

تیر رہے ہیں● اور نہیں کیا ہم نے کسی بشر کیلئے تم سے پہلے یہاں ہمیشہ رہنا، تو کیا اگر تم انتقال

مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآىِٕقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَنَبْلُوْكُمْ

کر جاؤ، تو یہ کافر لوگ ہمیشہ رہنے والے ہیں● ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ اور ہم آزماتے ہیں

بِالشَّرِّ وَالْخَیْرِ فِتْنَةً ؕ وَاِلَیْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِیْنَ

تمہیں دکھ اور سکھ سے آزمانے کو۔ اور ہمارے ہی طرف لوٹائے جاؤ گے● اور جب دیکھا تم کو

كَفَرُوْۤا اِنْ یَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِیْ یَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ

کافروں نے، تو نہیں قرار دیتے تمہیں مگر مذاق۔ کہ کیا یہی کہا کرتے ہیں تمہارے بتوں کو۔

وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ

حالانکہ خدائے مہربان کے ذکر سے وہ منکر ہیں● پیدا کیا گیا ہے انسان جلد پسندی سے، بہت جلد

سَاُوْرِیْكُمْ اٰیٰتِیْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۳۷﴾ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ

ہم دکھا دینگے تمہیں اپنی نشانیاں، تو جلد بازی سے کام نہ لو● اور پوچھتے ہیں کہ کب یہ وعدہ ہوگا

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۳۸﴾ لَوْ یَعْلَمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا حِیْنَ لَا یَكُفُّوْنَ

اگر سچے ہو● کاش جانتے جنھوں نے کفر کر رکھا ہے، جس وقت، کہ نہ

عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۳۹﴾

روک سکیں گے اپنے چہرے سے آگ، اور نہ اپنی اپنی پشت سے، اور نہ ان کی مدد کی جائے گی●

بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ

بلکہ آپڑے گی ان پر اچانک تو بھوچکا کردے گی انھیں، تو اس کو پھیر سکیں گے اور نہ انھیں

يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ

مہلت دی جائے گی● اور بیشک مذاق اڑایا گیا رسولوں کا تم سے پہلے، تو پڑے گا

ع ۳ ۳ ۱۲ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾ قُلْ مَنْ

جو مذاق کرتے تھے ان سے، ان پر ان کا مذاق● پوچھو کہ کون

يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ

محفوظ رکھتا ہے تمہیں رات و دن خدائے مہربان سے۔ بلکہ وہ اپنے پروردگار

رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا

کی یاد سے منہ پھیرے ہیں● کیا ان کے بت ہیں جو بچاتے ہیں انھیں میرے مقابلہ پر۔ وہ تو

يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾ بَلْ

سکت نہیں رکھتے اپنے آپ مدد کرنے کی، اور نہ وہ ہم سے مدد کیے جائیں● بلکہ ہم

مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ

نے رہنے سہنے دیا ان کو اور ان کے باپ دادوں کو، یہاں تک کہ دراز ہوگئی ان کی عمر، تو کیا انھیں نہیں

اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾

سوجھتا کہ ہم اس ملک کو گھٹاتے جاتے ہیں ان کے حدود سے۔ تو کیا یہ جیتیں گے●

قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۖ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا

صاف کہہ دو کہ میں بس ڈراتا ہوں تمہیں وحی سے۔ اور نہیں سنتے بہرے پکارنے کو، جب کہ وہ

يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ

ڈرائے جائیں● اور اگر لگ جاتی انھیں ہوا تمہارے رب کے عذاب کی، تو ضرور

لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ

بول پڑتے کہ ہائے بربادی، بیشک ہم اندھیر والے تھے● اور رکھیں گے ہم انصاف کے ترازو

لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ

قیامت کے دن، تو ظلم نہ کیا جائے گا کوئی کچھ۔ اور اگر کچھ ہو رائی کے دانے

مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

کے برابر، تو ہم اسے بھی لا چکے۔ اور ہم کافی حساب کرنے والے ہیں● اور بیشک دیا ہم

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ

نے موسیٰ وہارون کو توریت، حق وباطل کو جدا کرنے والی، اور روشنی اور نصیحت ڈرنے والوں کیلئے● جو

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَ

ڈریں اپنے رب کو بے دیکھے، اور وہ قیامت سے تھرتھراتے ہیں● اور

هٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ ع ۴

یہ نصیحت ہے مبارک، کہ اتارا ہم نے جسے۔ تو کیا تم اس کے منکر ہو؟● اور بیشک دیا تھا ہم

اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ

نے ابراہیم کو ان کی نیک راہ پہلے ہی سے، اور ہم انھیں جانتے تھے● جب کہ کہا اپنے باپا سے

وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا

اور اس کی قوم سے، یہ مورتیاں کیا ہیں؟ کہ تم ان کا آسن مارے ہو، سب نے جواب دیا● کہ

وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ

”ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا کہ انکے پجاری ہیں“● وہ بولے، کہ ”بلاشبہ تم اور تمہارے باپ دادا

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ

کھلی گمراہی میں تھے“● سب بولے، کہ ”کیا آپ ہمارے پاس حق لائے ہیں، یا بے کار

اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ

مذاق کرتے ہیں“● وہ بولے ”بلکہ تمہارا پروردگار آسمانوں اور زمین کا پالن ہار ہے، جس نے ان

فَطَرَهُنَّ ۖۗ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ

سب کو پیدا فرمایا۔ اور میں اس پر گواہوں میں سے گواہ ہوں● اور اللہ کی قسم ضرور میں

اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا

بگاڑوں گا تمہارے بتوں کو، بعد اسکے کہ تم واپس جاؤ پشت دکھا کر“● تو کر دیا ان بتوں کو ریزہ ریزہ، مگر

كَبِيرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُونَ ﴿٥٨﴾ قَالُوا مَن فَعَلَ هَٰذَا

ان میں بڑے کو، کہ وہ لوگ ادھر واپس ہوں گے ● سب بولے کہ "کس نے کیا یہ ہمارے

بِآلِهَتِنَا إِنَّهُ لَمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿٥٩﴾ قَالُوا سَمِعْنَا فَتًى يَذْكُرُهُمْ

معبودوں سے، بیشک وہ اندھیر کرنے والوں سے ہے" ● بعض بولے، کہ "ہم نے سنا ہے ایک نوجوان کو، کہ انکے

يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ ﴿٦٠﴾ قَالُوا فَأْتُوا بِهِ عَلَىٰ أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ

لئے بولتا ہے، انکو ابراہیم کہا جاتا ہے" ● سب بولے، "تو اس کو لاؤ سب کے سامنے، کہ وہ

يَشْهَدُونَ ﴿٦١﴾ قَالُوا أَأَنتَ فَعَلْتَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيمُ ﴿٦٢﴾

لوگ گواہی دیں" ● سب نے پوچھا، کہ "کیا تم نے کیا ہے یہ ہمارے معبودوں کے ساتھ اے ابراہیم؟" ●

قَالَ بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَٰذَا فَاسْأَلُوهُمْ إِن كَانُوا يَنطِقُونَ ﴿٦٣﴾

جواب دیا، "بلکہ کر گزرا ہو، ان کا یہ بڑا۔ تو ان سب سے پوچھو اگر بولتے ہوں" ●

فَرَجَعُوا إِلَىٰ أَنفُسِهِمْ فَقَالُوا إِنَّكُمْ أَنتُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٦٤﴾ ثُمَّ نُكِسُوا

تو سب نے اپنے اپنے جی میں پلٹا کھایا، اور کہنے لگے، کہ "بلاشبہ تمہیں اندھیر والے ہو" ● پھر اوندھے

عَلَىٰ رُءُوسِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَٰؤُلَاءِ يَنطِقُونَ ﴿٦٥﴾ قَالَ

سر کر دیئے گئے۔ کہ "تمہیں خوب معلوم ہے کہ یہ بولتے نہیں" ● جواب دیا

أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُكُمْ شَيْئًا وَلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾

"تو کیا پوجا پاٹ کرتے ہو اللہ سے بے واسطہ ہو کر، اس کا جو نہ بنا سکے تمہارا کچھ، اور نہ بگاڑ سکے تمہارا ●

أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٦٧﴾

تھڑی ہے تم پر اور ان پر جنھیں تم پوجتے ہو، بمقابلہ اللہ کے۔ تو کیا عقل نہیں رکھتے" ●

قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِن كُنتُمْ فَاعِلِينَ ﴿٦٨﴾ قُلْنَا يَا نَارُ

سب نے کہا، کہ "ان کو جلا دو، اور مدد کرو اپنے معبودوں کی، اگر کرنا ہے" ● ہم نے حکم دیا، کہ "اے آگ

كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ ﴿٦٩﴾ وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ

ہو جا ٹھنڈی اور سلامتی ابراہیم پر" ● اور ان لوگوں نے چاہا ابراہیم کا برا، پس ہم نے کر دیا انھیں کو

الْأَخْسَرِينَ ﴿٧٠﴾ وَنَجَّيْنَاهُ وَلُوطًا إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا

گھاٹے والا ● اور بچا لے گئے ہم انھیں اور لوط کو، اُس زمین کی طرف، کہ جس میں ہم نے برکت دے رکھی ہے،

لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا

جہان والوں کیلئے● اور عطا فرمایا ہم نے انھیں اسحٰق، اور یعقوب پوتا۔ اور سب کو بنایا

جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ

ہم نے لیاقت والے● اور کر دیا ہم نے انھیں امام، کہ ہدایت کریں ہمارے حکم سے، اور وحی بھیجی ہم نے

اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا

ان کی طرف، نیکیوں کے کرنے اور نماز کی پابندی، اور زکوٰۃ دینے کی۔ اور وہ تھے ہمارے

لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ

ہی پوجنے والے● اور لوط کو دیا تھا ہم نے نبوت و علم، اور نجات دی ہم نے انھیں اس

الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿۷۴﴾

آبادی سے جو بدکاری کرتی تھی۔ بلاشبہ وہ تھے بدکردار لوگ، نافرمان●

وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَنُوْحًا اِذْ ع ۵ ۲۵ ۵

اور لے لیا ہم نے لوط کو اپنی رحمت میں۔ بیشک وہ لیاقت مندوں سے ہوئے● اور نوح، جب کہ

نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ

پکارا پہلے اس سے، تو ہم نے قبول فرما لیا اسے، چنانچہ نجات دی ہم نے انھیں، اور انکے اہل کو

الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ

بڑی سختی سے● اور مدد فرمائی ہم نے ان کی اس قوم سے، جس نے جھٹلایا ہماری نشانیوں کو، بیشک وہ تھے

كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ

برے لوگ، تو ہم نے ڈبو دیا ان سب کو● اور داؤد و سلیمان، جب کہ

يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ

فیصلہ کر رہے تھے کھیتی کے بارے میں، کہ پڑ گئی تھیں اس میں لوگوں کی بکریاں، اور ہم تو ان کے فیصلہ

شٰهِدِيْنَ ﴿۷۸﴾ ۙ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۫ وَّ

کے وقت حاضر ہی تھے● تو ہم نے سمجھا دیا معاملہ سلیمان کو۔ اور سب کو دے رکھا تھا ہم نے حکومت و علم۔ اور

سَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ؕ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾

قابو میں کر دیا ہم نے داؤد کے ساتھ پہاڑوں کو کہ تسبیح کریں، اور پرند کو۔ اور کرنے والے ہم تھے●

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ

اور سکھا دیا تھا ہم نے انھیں ایک تمہارے کام کے پہناوے کی کاریگری، کہ تمہاری حفاظت کرے تم لوگوں کی جنگ

اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ

سے، تو کیا تم شکرگزار ہو؟● اور سلیمان کیلئے تیز ہوا کو، کہ چلا کرے ان کے حکم سے

اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَ

اُس زمین کی طرف جس میں ہم نے برکت دے رکھی ہے۔ اور ہم ہر چیز کے داناہیں● اور

مِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ

کچھ شیطان تھے کہ غوطے لگاتے انکے لئے، اور دوسرے کام کرتے۔

ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ

اور ہم سب کے نگراں تھے● اور ایوب نے جب پکارا اپنے رب کو، کہ

مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۚ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا

پہنچا ہے مجھے دکھ، اور تو سب رحم والوں سے بڑھ کر رحم والا ہے● تو قبول فرمالیا ہم نے اسے، تو دور کر دیا ہم

مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ ۡ وَاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ

نے جو انھیں دکھ تھا، اور دیا ہم نے انھیں ان کے اہل وعیال کو، اور اتنے ہی اور رحمت فرماتے ہوئے، اپنی

عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ

طرف سے، اور درس اپنے پجاریوں کیلئے● اور اسماعیل و ادریس و ذوالکفل۔

كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۚ ﴿۸۵﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهُمْ مِّنَ

سب صبر والے تھے● اور لے لیا ہم نے انھیں اپنی رحمت میں، کہ بلاشبہ وہ لیاقت

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ

مندوں سے تھے● اور ذوالنون، جبکہ چل پڑے تھے غصہ میں بھرے، پھر خیال کیا، کہ ہم تنگی نہ ڈالیں

نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۚ

گے ان پر، پھر پکارا اندھیریوں میں، کہ نہیں ہے کوئی پوجنے کے قابل سوا تیرے، پاکی ہے تیری۔

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ

بے شک میں بے جا کرنے والوں سے تھا● تو ہم نے قبول فرمالیا اس پکار کو، اور بچا لیا انکو غم سے۔

وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا

اوراسی طرح بچالیتے ہیں ہم اپنے ماننے والوں کو● اورزکریا نے جب پکارا اپنے رب کو، کہ پروردگارا

تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۪ وَوَهَبْنَا

مت چھوڑ مجھے لاوارث، اورتو سب سے بہتر وارث ہے● تو ہم نے اسے قبول فرمالیااور بخش دیا

لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ

انھیں یحییٰ۔ اوران کے لائق کردیاہم نے ان کی بی بی کو۔ بیشک یہ لوگ جلدی کرتے تھے

فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿۹۰﴾

نیکیوں میں۔ اور پکارتے تھےہمیں خوشی خوشی،اورکانپتے ڈرتے، اور تھے ہمارے سامنے گڑگڑانیوالے●

وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا

اور وہ جس نے محفوظ رکھی اپنی پاک بازی، تو نفخ روح فرمایاہم نے، اور بنادیاانھیں اور

وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۱﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۡ وَّ

ان کے بیٹے کونشانی سارے جہاں کیلئے● بیشک یہ تمہارادین، ایک ہی دین ہے۔ اور

اَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا

میں تم سب کارب ہوں،تومیری عبادت کرو● اور پارہ پارہ کردیاانھوں نے اپنا کام آپس میں۔سب ہماری طرف

رٰجِعُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا ع ۱۴ ۶

لوٹنے والے ہیں● تو جو کرتارہے لیاقت مندی کے کام، اوروہ صاحب ایمان ہے، تواسکی

كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾ وَحَرٰمٌ عَلٰي قَرْيَةٍ

محنت کا کوئی انکارنہیں۔ اور بلاشبہ ہم سب لکھتے ہیں● اورحرام ہےاس آبادی پرجس کو

اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ

ہم نے برباد کردیاہے، کہ وہ لوگ اب یہاں نہ واپس ہونگے● یہاں تک کہ جب کھول دیئے گئے یاجوج

وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ

و ماجوج، اور وہ ہر ٹیلے سے ڈھلکیں گے● اورنزدیک آگیا وعدہ

الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ يٰوَيْلَنَا

حقہ، تواس دم پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی آنکھیں کافروں کی۔ ہائے افسوس!

قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾ اِنَّكُمْ وَمَا

ہم غفلت میں پڑے تھے اس جانب سے، بلکہ ہم اندھیر والے تھے● بیشک تم اور

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾

تمہارے من دونِ اللہ سارے معبود، جہنم کا ایندھن ہیں۔ تم اس میں جاؤ گے●

لَوْ كَانَ هٰۤؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۹۹﴾ لَهُمْ

اگر یہ معبود ہوتے، تو اس میں نہ جاتے۔ اور سب اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں● انھیں

فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ

اس میں گدھے کی چیخ ہے، اور وہ اس میں سُن نہ پائینگے● بیشک جنکے لئے پہلے ہو چکا ہماری

مِّنَّا الْحُسْنٰۤى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ

طرف سے سب سے اچھا انجام، وہ اس سے دور رکھے جائینگے● نہ سنیں گے اس کی بھنک۔

وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ

اور وہ اس میں جس کو انھوں نے چاہا، ہمیشہ رہنے والے ہیں● نہیں رنجیدہ کرتا انھیں وہ سب

الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ

سے بڑی گھبراہٹ، اور ملیں گے انھیں فرشتے، کہ یہ تمہارا وہی دن ہے جس کا تمہیں وعدہ

تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ

دیا گیا تھا● جس دن کہ لپیٹیں گے ہم آسمانوں کو، مثل لپیٹنے سجل کے نوشتوں کو۔

كَمَا بَدَاْنَاۤ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا

جس طرح کہ ابتدا فرمائی تھی ہم نے پہلی پیدائش کی، دوبارہ کردینگے اُسے، یہ وعدہ ہے ہمارے ذمہ، ہم کو

فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ

ضرور کرنا ہے● اور بے شک لکھا ہم نے زبور میں نصیحت کے بعد، کہ بے شک

الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا

اس زمین کے وارث ہوں گے میرے لیاقت والے بندے● بیشک اس قرآن میں کافی پیغام

لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ

ہے عبادت کرنیوالوں کیلئے● اور نہیں بھیجا ہم نے تمہیں مگر رحمت سارے جہاں کیلئے● کہہ دو کہ

اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾

یہی وحی کی جاتی ہے میری طرف، کہ بس تمہارا معبود ہے صرف اللہ اکیلا، تو کیا تم اسلام قبول کرتے ہو●

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ وَاِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ

پھر اگر انھوں نے بے رخی کی، تو کہہ دو کہ میں نے جنگ کا اعلان کر دیا تم سے برابر پر، اور میں کیا اٹکل رکھوں، کہ قریب

اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَ

ہے یا دور ہے، جس کا تمہیں وعدہ کیا گیا● بیشک وہ جانتا ہے آواز کی بولی، اور

يَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَ

جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو● اور میں کیا اٹکل لگاؤں کہ وہ تمہاری آزمائش ہے، اور

مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ

کچھ وقت کا رہنا سہنا ہے● دعا کی کہ پروردگار افیصلہ فرما دے حق۔ اور ہمارا رب بڑا مہربان،

الْمُسْتَعَانُ عَلٰي مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع

اسی کی مدد درکار ہے جو باتیں تم کرتے ہو۔●

النصف ۷ ع ۱۴

سُوْرَةُ الْحَجِّ ۲۲ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۳ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۷۸ رُكُوْعَاتُهَا ۱۰

سورۂ حج مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۷۸ رکوع ۱۰

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ﴿۱﴾

اے لوگو! ڈرو اپنے رب کو، بیشک قیامت کا زلزلہ بڑی سخت چیز ہے●

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ

جس دن تم دیکھ ہی لوگے کہ بھول گئی ہر دودھ پلانے والی جس کو دودھ پلایا ہے، اور ڈال دے گی ہر

ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى

حاملہ اپنا حمل، اور تم دیکھو گے لوگوں کو کہ نشہ کے مارے ہیں، حالانکہ وہ نشہ میں نہیں ہیں۔

وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ﴿۲﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ

لیکن ہاں اللہ کا عذاب سخت ہے● اور کچھ لوگ ہیں کہ جھگڑتے ہیں

فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ﴿۳﴾ كُتِبَ عَلَيْهِ

اللہ کے بارے میں بے جانے بوجھے، اور پیچھے پیچھے رہتے ہیں ہر شیطان سرکش کے● جسکے لئے طے کر دیا گیا ہے

أَنَّهُ مَنْ تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿٤﴾

کہ جو اس کی دوستی کرے، وہ اس کو گمراہ کرتا رہے، اور لے چلے اسے عذاب جہنم کی طرف●

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنَاكُم

لوگو! اگر تمہیں شک ہے قیامت میں زندہ اٹھائے جانے میں، تو بلاشبہ ہمیں نے

مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِن مُّضْغَةٍ

تم کو پیدا فرمایا مٹی سے، پھر نطفہ سے، پھر گاڑھے خون سے، پھر لوتھڑے سے،

مُّخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۚ وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا

صورت پوری بنی یا بے بنی، تاکہ ہم روشن کردیں حقیقت تمہارے بھلے کو، اور ہم ٹھہراؤ دیتے ہیں ماں کے پیٹ میں

نَشَاءُ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ

جسے چاہیں، ایک مقرر وقت تک۔ پھر نکالتے ہیں ہم بچہ، کہ پھر پہنچو تم اپنی جوانی کو

وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّىٰ وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَىٰ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا

اور بعض تمہارے ہیں کہ ان کی عمر پوری کردی جاتی ہے، اور کچھ وہ کہ پھینک دیئے گئے نکمی عمر تک، کہ کچھ نہ

يَعْلَمَ مِن بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا ۚ وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذَا

جانیں، جاننے کے بعد۔ اور دیکھا کرتے ہو زمین کو سوکھی پڑی، پھر جب

أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنبَتَتْ مِن كُلِّ

ہم نے گرایا اس پر پانی، تو ابھری اور پھولی اور اگانے لگی ہر قسم کے

زَوْجٍ بَهِيجٍ ﴿٥﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّهُ يُحْيِي الْمَوْتَىٰ

خوشنما جوڑے● یہ سب یوں کہ بلاشبہ اللہ ہی حق ہے۔ بیشک وہ جلاتا ہے مُردوں کو،

وَأَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٦﴾ وَأَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَّا رَيْبَ

اور بے شک وہ ہر چاہے پر قدرت رکھتا ہے● اور بیشک قیامت آنیوالی ہی ہے، جس میں ذرا بھی شک

فِيهَا وَأَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ مَن فِي الْقُبُورِ ﴿٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن

نہیں۔ اور بیشک اللہ زندہ اٹھائے گا، جو قبروں میں ہیں● اور ان لوگوں میں وہ بھی ہے کہ

يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ ﴿٨﴾ ثَانِيَ

جھگڑتا ہے اللہ کے بارے میں، بغیر جانے بوجھے اور بغیر راہ پائے، اور بغیر کسی روشن لکھے کے● اپنی

عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّ

گردن جھٹکا کرتا کہ بے راہ کردے اللہ کی راہ سے، اسکے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور

نُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝٩ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

چکھائینگے ہم اسے قیامت کے دن، آگ کا عذاب● یہ ہے جو پہلے ہی بھیج دیا تھا

يَدٰكَ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝١٠ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ ع ۱ ۸

تیرے ہاتھوں نے، اور بیشک اللہ نہیں اندھیر کرتا اپنے بندوں کے حق میں● اور ان لوگوں میں وہ ہے، جو

يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ِۨاطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَ

پوجتا ہے اللہ کو ایمان سے کنارہ کش ہوکر، تو اگر پہنچی ان تک بھلائی تو مطمئن ہوگیا۔ اور

اِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَ

اگر پہنچی کوئی آزمائش تو پلٹ گیا منہ کے بل۔۔۔ گھاٹا ہوگیا دنیا و

الْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝١١ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ

آخرت کا۔ یہی کھلا ہوا گھاٹا ہے● دعائیں کرتا ہے مِن دونِ اللہ سے

اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝١٢

جو نہ بگاڑ سکیں اس کا، اور جو نہ بنا سکیں۔ یہی ہے پلے سرے کی گمراہی●

يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى

دعا مانگتا ہے اس سے جس کا نقصان زیادہ قریب ہے خیالی نفع سے۔ بیشک کتنا برا مولیٰ

وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ۝١٣ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اور بے شک کیسا برا ساتھی ہے● بیشک اللہ داخل فرمائے گا جو مان گئے، اور لیاقت

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ

مندی کے کام کئے، باغوں میں، کہ بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں۔ بلا شبہ اللہ، کر گزرے

مَا يُرِيْدُ ۝١٤ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا

جو چاہے● جو اس خبط میں ہے کہ اللہ اپنے نبی کی مدد نہ دنیا میں فرمائے گا

وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ

اور نہ آخرت میں، تو وہ ایک رسی سے لٹک جائے عالمِ بالا تک، پھر کاٹ دے، اب دیکھے

هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ

اس کی ترکیب نے دور کر دیا جس سے وہ بھنّا جاتا ہے● اور اسی طرح اتارا ہم نے اسے روشن آیتیں،

بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور بیشک اللہ راہ دے جسے چاہے● بیشک سارے مسلمان،

وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَ

اور جو یہودی ہیں، اور ستارہ پرست اور عیسائی، اور آتش پرست اور

الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

مشرک لوگ، ضرور فیصلہ فرمائے گا اللہ ان کے درمیان، قیامت کے دن۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۷﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ

بیشک اللہ کے سامنے سب کچھ ہے● کیا تم نے نہیں دیکھا، کہ اللہ کا سجدہ کرتے ہیں

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَ

جو بھی آسمانوں میں اور جو بھی زمین میں ہیں، اور سورج، اور چاند، اور

النُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ

تارے، اور پہاڑ، اور درخت، اور چوپائے، اور بہتیرے انسان

وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ

اور بہتیرے ہیں کہ ان پر عذاب ہونا ہی ہے۔ اور جسے اللہ رسوا کرے، تو اس کو کوئی عزت دینے

مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ﴿۱۸﴾ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا ع ۱۲

والا نہیں۔ بے شک اللہ کرے جو چاہے● یہ دو فریق ہیں جو لڑ پڑے

فِيْ رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ

اپنے رب کے بارے میں، تو جنھوں نے کفر کیا، تو بیونتے گئے انکے لئے آگ کے کپڑے۔

يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ﴿۱۹﴾ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ

بہایا جائے گا ان کی کھوپڑیوں پر سے کھولتا پانی● کہ گل جائے گا جس سے جو کچھ

بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿۲۰﴾ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَآ

ان کے پیٹ میں ہے اور کھال● اور ان کے لئے لوہے کے گُرز ہیں● جب انھوں

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا
نے چاہا کہ نکل بھاگیں اس سے، غم کی وجہ سے، تو واپس کر دیئے گئے اس میں، کہ چکھو آگ
عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا ع ۲
کا عذاب ● بے شک اللہ، داخل فرمائے گا انھیں جو ایمان لائے اور
الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا
لائق کام کئے، باغوں میں، جن کے نیچے بہتی ہیں نہریں، پہنائے جائینگے اس میں
مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَ
سونے کے کنگن اور موتی، اور لباس ان کا ہے اس میں ریشم ● اور
هُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾
وہ چلائے گئے پاکیزہ بات کی طرف، اور راہ دی گئی مستحق حمد کی ●
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ
بے شک جنھوں نے کفر کیا، اور روکتے ہیں اللہ کی راہ سے، اور مسجد حرام سے،
الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَاۗءَ ۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَ
جس کو بنایا ہم نے ہر انسان کیلئے، خواہ اس میں سکونت رکھنے والا ہے یا باہر
الْبَادِ ۭ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۵﴾ ع ۳
کا ہے۔ اور جو بھی چاہے گا اس میں کسی زیادتی کو ناحق، تو چکھائینگے ہم اسے دکھ دینے والا عذاب ●
وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـــًٔا وَّ
اور جب کہ ٹھکانہ بتایا ہم نے ابراہیم کو بیت اللہ کی جگہ کا، کہ مت شریک بنانا میرا کچھ، اور
طَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْقَاۗىِٕمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۲۶﴾ وَ
پاک رکھو میرا گھر طواف کرنے والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع والوں اور سجدہ والوں کیلئے ● اور
اَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰي كُلِّ ضَامِرٍ
اعلانِ عام کر دو انسانوں میں حج کا، تو آئینگے تمہارے پاس پاپیادہ اور دوڑ والی دبلی اونٹنیوں
يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿۲۷﴾ لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَ
پر، جو آیا کرتی ہیں دور دراز راہ سے ● تا کہ حاضر ہو جائیں اپنے فائدوں کیلئے، اور

يَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ

اللہ کا نام لیں جانے بوجھے دنوں میں، ان جانوروں کے ذبیحہ پر، جو ہم نے

بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿۲۸﴾

روزی فرمائی، چوپائے، تو اس میں سے کھاؤ اور نادار محتاج کو کھلاؤ●

ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ

پھر دور کرو اپنے جسمانی کچرے کو، اور پوری کریں اپنی منتیں، اور طواف کریں اس قدیم گھر

الْعَتِيْقِ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ

کا● یہ ہے قانون۔ اور جو تعظیم کرے اللہ کی بخشی حرمتوں کی، تو یہ بہت بہتر ہے اسکے لئے

عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ

اس کے رب کے یہاں۔ اور حلال کر دیئے گئے تمہارے لئے سارے چوپائے، مگر وہ جو ظاہر کر دیئے گئے تم پر،

فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿۳۰﴾

تو بچو بتوں کی گندگی سے، اور بچو جھوٹ کے بولنے سے●

حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۗ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا

یکسو ہو کر اللہ کیلئے، اس کا شریک نہ بناتے ہوئے۔ اور جو شریک بنائے اللہ کا، تو گویا

خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ

گر پڑا آسمان سے، کہ اچک لے اسے پرند، یا اڑا لے جائے اسے ہوا،

مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿۳۱﴾ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ

کہیں دور جگہ● یہی بات ہے۔ اور جو تعظیم کرے اللہ کی یاد دلانے والی چیزوں کی، تو یہ

تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿۳۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ

دل میں خوفِ خدا ہونے سے ہے● تمہیں ان چوپاؤں میں فائدے ہیں مقرر میعاد تک، پھر

مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۳۳﴾ ع ۴ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا ۱۱ ع

ان کو پہنچا دینا ہے اس قدیم گھر تک● اور ہر ایک امت کیلئے ہم نے کر دیا ہے ایک قربانی،

لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۗ

تاکہ وہ اللہ کا نام لیں جو روزی فرمائی، بے زبان چوپائے کے ذبیحہ پر۔

فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ

تو تمہارا معبود ہے اللہ اکیلا، تو اسکے لئے تم لوگ گردن ڈال دو، اور تم خوشخبری دو ایسے بےنفسوں کو● وہ، کہ جب

اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ

یاد کیا گیا اللہ، تو تھرا اٹھے ان کے دل، اور صبر کرنے والے جو مصیبت آئے انھیں،

وَالْمُقِيْمِى الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالْبُدْنَ

اور پابندی کرنیوالے نماز کے، اور جو ہم نے روزی دی اس سے خرچ کیا کرتے ہیں● اور ڈیل ڈول والے

جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا

جانوروں کو ہم نے بنا دیا تمہارے لئے اللہ کی نشانیوں سے، تمہاری ان میں بھلائی ہے۔ تو اللہ کا

اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا

نام لو، ان پر وہ کھڑے ہی رہیں۔ پھر جب گر جائیں اپنی اپنی کروٹ، تو کھاؤ

مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ

اسے، اور کھلاؤ بےسوال محتاج کو اور سوالی فقیر کو۔ اسی طرح قابو میں کر دیا انھیں تمہارے

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا

کہ شکرگزار رہو● نہیں پہنچتا اللہ کو ان سب کا گوشت، اور نہ خون،

وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا

ہاں پہنچتا ہے اس تک تمہارا اللہ سے ڈرنا۔ اسی طرح قابو میں دے دیا انھیں تم لوگوں کے، کہ تکبیر بولو

اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ

سب اللہ کی جو راہ دی تمہیں۔ اور خوش خبری دو تم احسان والوں کو● بیشک اللہ ٹال دیتا ہے بلا کو

عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾ ع

ان سے، جو اسے مان گئے۔ بیشک اللہ نہیں پسند فرماتا کسی دغاباز ناشکرے کو●

اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ

اجازت جنگ دے دی گئی انھیں، جن سے جنگ کی جا رہی ہے، کہ وہ مظلوم ہیں۔ بیشک اللہ ان کی مدد پر

لَقَدِيْرُ ﴿۳۹﴾ ۙ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ

قدرت رکھتا ہے● جو نکالے گئے اپنے گھروں سے ناحق، مگر یہ کہ کہا

يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ

کرتے کہ ہمارا پالنے والا اللہ ہے۔ اور اگر نہ ہوتا ہٹاتے رہنا اللہ کا لوگوں کو، بعضوں کو

بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ

بعض سے، تو ضرور ڈھادی جاتیں خانقاہیں، اور عیسائیوں کے گرجے، اور یہودیوں کے عبادت خانے، اور

يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ

مسلمانوں کی مسجدیں، جن میں یاد کیا جاتا ہے اللہ کا نام بہت۔ اور ضرور مدد فرمائیگا اللہ اس کی، جو اسکے دین کی

اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ

مدد کرے، بیشک اللہ ضرور قوت والا غلبہ والا ہے● وہ لوگ کہ جہاں ہم نے مضبوط کیا انہیں اس ملک میں،

اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا

تو انھوں نے برپا کر ہی دیا نماز کو، اور دیتے ہی رہے زکوٰۃ، اور حکم دیا کئے نیکی کا، اور روکا ہی

عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ

کئے برائی سے۔ اور اللہ کیلئے سب کاموں کا انجام ہے● اور اگر جھوٹے جھٹلاتے ہیں تمہیں، تو جھٹلا

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿۴۲﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ

چکے ہیں ان سے پہلے نوح کی قوم، اور عاد و ثمود● و قوم ابراہیم

وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿۴۳﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ

و قوم لوط● اور مدین والے۔ اور جھٹلائے گئے موسیٰ، تو میں نے مہلت

لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ

دی کافروں کو، پھر انھیں پکڑا۔ تو کیسا میرا عذاب تھا● اور کتنی بستیاں ہیں

قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا

جنھیں ہم نے ویران کر دیا کہ وہ اندھیر نگری تھیں، تو وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں،

وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

اور کنوئیں کتنے بیکار ہیں، اور کتنے مضبوط محل● تو کیا ملک میں نہیں گھومے،

فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ

کہ ان کے دل ہو جائیں جس سے سمجھیں، یا کان ہو جائیں جس سے سن سکیں۔

فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي

کیونکہ آنکھیں نہیں اندھی ہوتیں، لیکن ہاں سینوں میں دل اندھے ہو جاتے ہیں

الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ

● اور جلد بازی مچا رہے ہیں تم سے عذاب کی، اور اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کے خلاف ہرگز

وَعْدَهٗ ؕ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾

نہ کریگا، اور بلاشبہ ایک دن تمہارے پروردگار کے یہاں، جیسے ہزار سال ہے، جس قاعدہ سے تم شمار کیا کرتے ہو●

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ

اور کتنی آبادیاں ہیں جن کو میں نے ڈھیل دی، اور وہ اندھیر نگری تھیں، پھر دھر پکڑ کی ان کی۔

وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾ قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَاۤ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ ع ۱۳

اور میرے ہی طرف پھرنا ہے● کہہ دو کہ اے لوگو! میں تمہیں کھلا کھلا ڈرانے والا

مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

ہی ہوں● تو جو مان گئے، اور لیاقت والے کام کئے، انکے لئے بخشش ہے

وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْۤ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ

اور عزت کی روزی● اور جنھوں نے دوڑ لگائی ہماری آیتوں میں، کہ ہرا دیں، وہ ہیں

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ

جہنم والے● اور نہیں بھیجا ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول،

وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْۤ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ

نہ نبی، مگر یہ کہ جب پڑھا، تو شیطان نے اپنی طرف سے اپنوں کیلئے بڑھا دیا، ان کے پڑھنے

اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

میں، تو میٹ دیتا ہے اللہ جو شیطان کا القاء ہے، پھر مضبوط فرما دیتا ہے اللہ اپنی آیتوں کو۔ اور اللہ علم والا

حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ

حکمت والا ہے● تاکہ کردے القاء شیطانی کو آزمائش، انکے لئے جن کے

قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

دلوں میں بیماری ہے، اور جن کے دل سخت ہیں۔ اور بے شک اندھیر والے

لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ

پرلے سرے کے جھگڑالو ہیں● اور تاکہ جان لیں وہ، جنھیں علم دیا گیا ہے، کہ بلاشبہ یہی

مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ

ٹھیک ہے تمہارے رب کی طرف سے تو، اس کو مان جائیں، پھر گرویدہ ہو جائیں اسکے انکے دل۔ اور بیشک اللہ

لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾ وَلَا يَزَالُ

ضرور راہ دینے والا ہے انھیں جو مان چکے ہیں، سیدھی راہ کی طرف● اور ہمیشہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ

وہ جو کافر رہے، شک میں رہیں گے اس کی طرف سے، یہاں تک کہ آجائے ان پر قیامت

بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ

اچانک، یا آجائے ان پر عذاب اس دن کا جس کا اچھا پھل نہیں● بادشاہی اس دن صرف اللہ کی ہے،

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ

جو فیصلہ فرمائے گا ان کا۔ تو جس نے مانا اور لیاقت کے کام کئے

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ

عیش کے باغوں میں ہیں● اور جس نے انکار کیا اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو، تو انھیں کیلئے

لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ ع وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ع ۹ ۱۴

ہے عذاب ذلیل کرنے والا● اور جنھوں نے ہجرت کی اللہ کی راہ میں،

ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ

پھر شہید کر دیئے گئے یا انتقال کیا، ضرور اللہ ان کو اچھی روزی دے گا۔ اور بلاشبہ

اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ

اللہ ضرور سب سے اچھی روزی دینے والا ہے● تاکہ داخل فرمائے انھیں ایسی جگہ جو وہ پسند کرتے ہوں۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ

اور بے شک اللہ ضرور علم والا حلم والا ہے● یہی بات ہے۔ اور جس نے بدلہ لیا جیسا

مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ

اس کو دکھ دیا گیا تھا، پھر اس پر زیادتی کی گئی، تو ضرور مدد فرمائیگا اس کی اللہ۔ بے شک اللہ ضرور

غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ

معاف کرنیوالا مغفرت فرمانیوالا ہے● یہ یوں کہ بلاشبہ اللہ، رات کو دن میں ڈال دیتا ہے، اور

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ

دن کو رات میں سمو دیتا ہے، اور بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے● یہ یوں کہ اللہ

هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَ

ہی حق ہے، اور بلاشبہ کفار جس کی دہائی دیتے ہیں اللہ کے مقابل، باطل ہی ہے، اور

اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ

بلاشبہ اللہ ہی بلندی والا بڑائی والا ہے● کیا تم نہیں دیکھتے رہتے، کہ اللہ نے برسایا

السَّمَآءِ مَآءً ۖ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ

آسمان کی طرف سے پانی، تو صبح کو ہوگئی ساری زمین سبزہ زار۔ بیشک اللہ لطف والا

خَبِيْرٌ ﴿۶۳﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ

خبردار ہے● اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں، اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اور بیشک اللہ

لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۶۴﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي ع ۸ ۱۵

ضرور ہی بے نیاز لائقِ حمد ہے● کیا تم نہیں دیکھا کرتے کہ اللہ نے قابو میں کر دیا تم لوگوں کے جو کچھ

الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۭ وَيُمْسِكُ

زمین میں ہے، اور کشتیاں چلتی ہیں دریا میں اس کے حکم سے۔ اور روکے ہے

السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَي الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ

آسمان کو گر پڑنے سے زمین پر مگر اس کے حکم سے۔ بیشک اللہ لوگوں پر

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۵﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۣ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

ضرور کرم والا رحم والا ہے● وہی ہے جس نے تم کو جلایا۔ پھر ماریگا تمہیں، پھر

ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿۶۶﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا

جلائے گا تمہیں۔ بے شک انسان ضرور ناشکرا ہے● ہر امت کیلئے بنا دیا تھا ہم نے ان کا

مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى

طریقہء عبادت، کہ اس پر چلا کریں، تو جھگڑا نہ کرنے پائیں اس امر میں، اور بلاتے رہو اپنے

رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۶۷﴾ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ

رب کی طرف۔ بے شک تم ضرور سیدھی راہ پر ہو● اور اگر کافروں نے جھگڑا نکالا، تو کہ دو

اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۸﴾ اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

کہ اللہ خوب جانتا ہے تمہارے کرتوت کو اللہ فیصلہ فرمائے گا تمہارا قیامت کے دن،

فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

جس بارے میں تم جھگڑتے تھے● کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ضرور جانتا ہے جو کچھ

مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ

آسمانوں و زمین میں ہے۔ بلاشبہ یہ ایک نوشتہ میں ہے۔ بے شک یہ

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۷۰﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ

اللہ پر آسان ہے● اور مِن دونِ اللہ کو پوجتے ہیں، جن کی

يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ

نہ اللہ نے کوئی سند بھیجی، اور جن کا خود ہی انھیں علم نہیں ہے۔ اور اندھیر والوں کا

مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۷۱﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ

کوئی مددگار نہیں● اور جب تلاوت کی جاتی ہیں ان پر ہماری روشن آیتیں، تو پہچان لوگے

وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ

ان کے چہروں میں، جنھوں نے انکار کر دیا ہے ناگواری کو۔ کہ اب دھاوا ہی بول دیں ان پر جو ان پر

يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ

تلاوت کر رہے ہیں ہماری آیتوں کی۔ تم بتا دو، کہ "کیا میں تمہیں بتا دوں تمہارے اس حال سے بھی بدتر کو"؛

اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۲﴾ ع ۹ ۱۶

وہ ہے آگ، جس کا وعدہ کر چکا اللہ انھیں جو کافر ہوئے، اور کتنا برا پھرنے کا مقام ہے●

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

اے لوگو! ایک کہاوت ہے اسے سنو۔ بلاشبہ جن کی

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا

دہائی دیتے ہو اللہ کے مقابل، نہ پیدا کر سکیں گے ایک مکھی، گو اسکے لئے سب مل جائیں۔

لَهٗ ؕ وَاِنْ یَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَیْـًٔا لَّا یَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ

اور اگر چھین لے ان سے مکھی کچھ، تو اس کو اس سے لے نہ سکیں۔

ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ

گئے گزرے طالب و مطلوب دونوں● نہ قدر جانی معبود کی جو جاننے کا

قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ﴿۷۴﴾ اَللّٰهُ یَصْطَفِیْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

حق ہے۔ بے شک اللہ ضرور قوت والا غلبہ والا ہے● اللہ چن لیتا ہے فرشتوں سے

رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ﴿۷۵﴾ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ

رسولوں کو اور انسانوں سے۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے● جانتا ہے جو کچھ

اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۷۶﴾ یٰۤاَیُّهَا

ان کے سامنے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے، اور اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائینگے سارے کام● اے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا

مسلمانو! رکوع کرو، اور سجدہ کرو، اور پوجو اپنے رب کو، اور بھلائی کیا

الْخَیْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَجَاهِدُوْا فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ

کرو، کہ کامیابی پاؤ● اور جانبازی کرو اللہ کی راہ میں جو جان کی بازی لگانے کا حق ہے۔

هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَیْكُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ

اس نے تم کو چنا اور نہیں رکھی تم پر دین میں کوئی تنگی، تمہارے

اَبِیْكُمْ اِبْرٰهِیْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِیْنَ ۙ۬ مِنْ قَبْلُ وَفِیْ

مورث ابراہیم کا دین۔ اُس نے تمہارا نام رکھا مسلمان۔۔۔ پہلے سے، اور اس

هٰذَا لِیَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِیْدًا عَلَیْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى

کتاب میں بھی، تاکہ ہوں رسول گواہ تمہارے، اور تم بنو گواہ

النَّاسِ ۚۖ فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ

دوسروں پر۔ تو پابندی کرتے رہو نماز کی، اور دیتے رہو زکوٰۃ کو، اور مضبوط پکڑ لو اللہ کو۔

هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ﴿۷۸﴾

وہی تمہارا مولیٰ ہے۔ تو کیسا اچھا مولیٰ ہے، اور کتنا اچھا مددگار ہے۔●